© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کی قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں ایک بڑا تحفہ ایک بڑے آدمی کا عنایت کردہ ہے جو اپنی زندگی کی جواں بہاریں گزار کر آرام کی عمر میں ہیں مگر آرام انہیں گوارا نہیں......اگر آرام کرنا بھی چاہیں تو کتابوں کے بیچم بیچ لگے اپنے بستر پر دراز ہو جاتے ہیں اور بس......مطالعہ' ان کا وسیع ہونے کے باوجود اب بھی پڑھتے ہیں' سریع المطالعہ ہیں کثیر الکتب ہیں' گھر آدھے سے زیادہ تو کتابوں ہی سے بھرا ہوا ہے......اب بھی لکھتے ہیں بلکہ لکھتے ہی رہتے ہیں انہوں نے لکھنے لکھانے کے لئے معاوضہ پر اپنے معاون مقرر رکھے ہیں جو تیزی سے ان کی تحریروں کو کمپوزنگ سے گزار کر طباعت کے مراحل تک پہنچا دیتے ہیں.... حال ہی میں انہوں نے ایک کتاب مرتب کی ہے جس کا عنوان ہے......علامہ اقبال ۔ یہودیت اور جمہوریت...........اس عنوان پر لکھنے کے لئے جرات درکار ہے اور لکھنے والا آزاد بھی ہے اور جرات کے بادشاہ حیدر کرار سے نسبتِ نامی رکھنے والا بھی..........

جناب آزاد بن حیدر کہنہ مشق وکیل قانون دان اور لکھاری ہیں......انہوں نے اس کتاب میں پانچ ابواب قائم کئے ہیں......باب اول :۔ علامہ اقبال'......باب دوم :یہودیت'......باب سوم : جمہوریت' باب چہارم: پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ' باب پنجم :لائحہ عمل

ان ابواب میں انہوں نے مقالات کی ایک کہکشاں سجا دی ہے......مقالہ نگاروں میں' سید ابوالحسن ندوی' رئیس احمد جعفری' آیت اللہ خامنہ ای' الطاف گوہر' رئیس امروہوی' فیض احمد فیض' یوسف سلیم چشتی' ڈاکٹر اسرار احمد' ارشاد احمد حقانی' اوریا مقبول جان' ڈاکٹر عبد القدیر خان اور اس طرح کے بڑے بڑے نام ہیں

......

☆ الی ان یجیء الترياق من العراق لمات الملسوع ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کتاب کا پیش لفظ جو آزاد بن حیدر صاحب نے لکھا ہے وہ بذاتِ خود ۳۵ صفحات پر مشتمل ہے۔.... کتاب تحریک پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے شائع کی جارہی ہے..... طلب کرنے کے لئے براہ راست و بلا تکلف جناب آزاد بن حیدر کو خط لکھئے کتاب مل جائے گی...... ان کا پتہ ہے: بی ۱۳ ابلاک ون (۱) گلستانِ جوہر کراچی ۷۵۲۹۰...... اور اگر آپ کو ان سے شوق لقاءِ فونی ہو تو ان کا رابطہ نمبر ہے 34014299 مگر ان کا فون ہر وقت نہیں ملتا اس کے بھی حقوق کا وہ خیال رکھتے ہیں لہذا کسی وقت اگر فون پر بات نہ ہوسکے تو بلا تامل دوسرے وقت کرلیجیے......

دوسرا تحفہ ہمیں ہمارے اپنے موضوع پر ملا ہے اور وہ ہے جناب ڈاکٹر مفتی حافظ عبدالباسط صاحب کی کتاب..... جدید فقہی مسائل..... اور فقہائے پاک وہند کے اجتہادات............ کا' یہ کتاب شیخ زاید اسلامک سینٹر لاہور سے شائع ہوئی ہے..... کتاب کے ابواب وفصول اس طرح ہیں...... اجتہاد کی نوعیت ووسعت' اجتماعی اجتہاد اور اس کا تاریخی پس منظر' معاصر اجتہاد میں اردو فقہی ادب کا حصہ' جدید معاشرتی مسائل' نکاح سے متعلق جدید مسائل' فسخ وتفریق کے متعلق جدید مسائل' متفرق عائلی مسائل' جدید معاشی مسائل' حصص کی خرید وفروخت' نظام بینکاری' انشورنس وملٹی لیول مارکیٹنگ' مسلم اقلیتوں اور بین الاقوامی تعلقات کے جدید مسائل' جدید طبی مسائل اور اردو فقہی ادب' سرجری سے متعلق مسائل' مرض الموت سے متعلق جدید مسائل' وغیرہ......

کتاب ۴۶۰ صفحات پر مشتمل ہے اور خوبصورت کاغذ وٹائٹل کے ساتھ مجلد طبع ہوئی ہے..... کتاب کی قیمت ۴۰۰ روپے ہے......
شیخ زاید اسلامک سنٹر پنجاب یونیورسٹی لاہور سے طلب کی جاسکتی ہے......

ایک اور کتاب کا تحفہ ہمیں جناب ڈاکٹر اعجاز احمد صاحب نے دیا ہے اور وہ ہے ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل کی کتاب..... پاکستان میں اسلام اور لبرل ازم کی کشمکش..... کتاب کے مشمولات میں حسب ذیل عنوانات نمایاں ہیں..... پاکستان کی فکری بنیادیں' اسلام یا لبرل ازم' لبرل ازم اور اور حکمران' قیادت کا بحران' جنرل ایوب اور یحیی کے ادوار' بھٹو ازم' جنرل ضیاء سے جنرل مشرف' پاکستان میں لبرل ازم کا فروغ' پاکستان کا سیاسی کلچر' میڈیا اور لبرل ازم' لبرل ازم کے فروغ میں این جی اوز کا کردار' تحریک آزادی نسواں' لبرل جمہوریت اور اسلام' پاکستان میں جمہوریت کا تجربہ' جمہوری جدوجہد اور اسلامی حکومت' لبرل



© rasailojaraid.com